Urdu - 5th Class Urdu Chapter 10 Short Questions Test

Q1. بکری کی بات سن کر آخر کار گائے کو کیا کہنا پڑا.

Ans 1: بکری بات سن کر گائے بہت شرمندہ ہوئی اور بولی کہ بے شک تم مجھ سے چھوٹی ہو مگر تمہاری باتیں سچی ہیں اور دل کو لگتی ہیں.

Q2. اللہ تعالی کی نعمتوں اور احسانات کا شکر کیسے ادا کرنا چاہئے.

Ans 1: اللہ تعالی کی نعمتوں اور احسانات کا ہرحال میں شکر ادا کرناچاہیے.. اس کی عطا کی ہوئی نعمتوں پر خوش ہونا چاہیے. اور اگر کسی پر احسان کریں تو اسے جتانا نہیں چاہیے.

Q3. ایک گائے اور بکری کا مرکزی خیال لکھیں.

Ans 1: اس نظم میں کہا جاتا ہے کہ ہمیں کبھی بھی کسی گلہ شکوہ نہیں کرنا چاہیے.ہر حال میں مطمئن اور خوش رہنا چاہیے. دوسروں کی خامیوں پر نظر رکھنے کی بجائے اس کے اندر موجود خوبیوں کی پہچان کرنی چاہیے.

Q4. بکری نے گائے کو دیکھتے ہی سب سے پہلے اسے کیا.

Ans 1: بکری نے گائے کو دیکھتے ہی سب سے پہلے اسے سلام کیا.

Q5. ایسے جانوروں کے نام بتائیے جن کا ہم دودھ پیتے ، گوشت کھاتے اور ان کی کھال کو بھی استعمال میں لاتے ہیں.

Ans 1: بکری ، گائے، بھینس، اونٹنی اور بھیڑ وغیرہ

Q6. ایک گائے اور بکری نظم کا شاعر کا نام لکھیں.

Ans 1: اس شاعر کا نام علامہ اقبال رحمتہ اللہ ہیں.

Q7. بکری اور گائے کی بات چیت کس سے ہوئی.

Ans 1: بکری اور گائے کی بات چیت ندی کے پاس ہوئی.

Q8. یہ مزے آدمی کے دمسے ہیں سے بکری کی کیا مرادتھی.

Ans 1: بکری کی مراد یہ تھی کہ یہ جوہری کھاس ہم کھارہے ہیں اور یہ جو سایہ وار درخت ہیں کیا یہ محض آدمی کی محنت اور مشقت کا نتیجہ نہیں ہے. کیا ہم غریب اور بے چارے مویشی ان سے فائدہ نہیں آٹھارہے. یعنی ہمارے سارے مزے آدمی کے دم ہی سے تو ہیں.

Q9. سارے لطف دم سے ہیں.

Ans 1: سارے لطف دم سے ہیں آدمی کے

Q10. گائے نے انسان پر اپنے کون سے احسان جتائے.

Ans 1: گائے نے اپنا دودھ دینے کا آحسان جتایا کہ میں دودھ دیتی ہوں اور آدمی اور اس کے بچے میرا دودھ پیتے ہیں آور ان میں جان آتی ہے.
